# تعارف و تبصرۂ کتب

## نام کتاب: کتاب فلاح ، مولف: پروفیسر محمد منظور علی شیخ

قیمت:۔/۱۰۰ روپے ، ملنے کا پتہ: مکتبہ سرمد۔ اردو بازار لاہور

پروفیسر منظور علی شیخ معاشیات اور اسلامیات میں ایم اے ہیں۔ اپنی پوری تدریسی زندگی معاشیات پڑھاتے رہے اور اسلامیہ کالج سول لائن لاہور سے وائس پرنسپل کے طور پر ریٹائرڈ ہوئے۔ معاشیات کے خشک موضوع پر ان کی متعدد کتابیں بطور "نصابی کتب" سالہا سال سے اساتذہ اور طلبہ کے لئے راہنمائی کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے انہیں ذوق سلیم بھی عطا فرمایا ہے جس کا منہ بولتا ثبوت "حسن رحمت" کے عنوان سے ان کا شائع شدہ مجموعہ حمد و نعت ہے جسے اساتذہ فن نے بہت سراہا۔

ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے ایک خاص دینی جذبہ سے "کتاب فلاح" مرتب کی اور اس پر بڑی محنت کی جس کا مجھے ذاتی طور پر علم ہے۔ ان کے جذبہ اخلاص، لگن اور محنت کے نتیجہ میں ۵۶۴ صفحات کی یہ کتاب تیار ہوگئی جس میں "دین اسلام کی رو سے .انسانی زندگی کے اصل مقصد اور اسے حاصل کرنے کے طریقے کی وضاحت" کی گئی ہے اور بتلایا گیا ہے کہ ایک انسان کس طرح دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور ہو سکتا ہے۔ عقائد و اعمال، اخلاق و معاشرت اور زندگی کے مختلف مسائل کے حوالہ سے ۳۴ ابواب پر اس کتاب کو مرتب کرکے مولف نے ہر باب کو قرآنی آیات سے شروع کیا۔ قرآنی ارشادات کی وضاحت پیغمبر اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سے کی، صحابہ کرام علیہم الرضوان اور ایسے ہی بندگان خصوصی کے واقعات سے مسئلہ کو مزید واضح کیا گیا۔ جابجا نہایت مناسب اشعار بھی درج کئے گئے ہیں۔ ان کی یہ کاوش بڑی قابل قدر اور لائق تحسین ہے۔ کتاب کے ناشر نے بھی جذبہ خیر کا مظاہرہ کرتے ہوئے کتابت و اشاعت کا بہت اعلیٰ پیمانے پر اہتمام کیا اور قیمت بہت ہی مناسب رکھی تاکہ ہر شخص اس کو حاصل کر سکے۔

© rasailojaraid.com